بسم اللہ الرحمن الرحیم


# امین احسن اصلاحی

رحمان آباد، ڈاک خانہ مانگٹ
براستہ خانقاہ ڈوگراں
ضلع شیخوپورہ


حوالہ نمبر:
تاریخ:

مکرمی سلمہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ عنایت نامہ ملا۔ آپ مولانا فراہی کے فکر سے آگاہ ہونا چاہتے ہیں
تو پہلے ان کی مطبوعہ چیزیں حاصل کر کے ان کا مطالعہ کیجیے۔ مسودات میں سے جو چیزیں
کچھ سمجھ میں آنے والی تھیں وہ دائرہ حمیدیہ نے شائع کر دی ہیں۔ اب جو منتشر اجزا
ہیں وہ میری ترتیب و تسوید کے محتاج ہیں اس کے بغیر ان سے دوسروں کے لیے استفادہ
مشکل ہو گا اور آپ کو ابھی تک اس میں ان کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ان سے
زیادہ سے زیادہ بس یہ جان سکیں گے کہ مولانا کن عنوانات پر لکھنا چاہتے تھے
سو اس کی تفصیل میں نے مسودات کی فہرست میں دے دی ہے۔ ویسے لاہور میں
یکجا ہی جو کچھ ہے میں آپ کو دکھا بھی دوں گا لیکن آپ کے پیش نظر مقصد کے لیے
اس کی ضرورت نہیں ہے۔

یہاں کے سفر میں تو لاہور جانا ہوا تو آپ کو اطلاع کر دوں گا۔
آپ بزرگوں کو زحمت پیش آتی ہے۔ مولانا فراہی کے مطبوعہ رسائل کا ایک
مجموعہ میرے پاس سے ایک صاحب لے گئے ہیں۔ ممکن ہوا تو میں ان سے حاصل کر کے
آپ کو دے دوں گا۔

میں نے آپ کی فہرست پر ایک نظر ڈالی ہے۔ مولانا فراہی کی شاعری پر جب
آپ کو ایک باب لکھنا ہو گا۔ مولانا کا مطبوعہ دیوان بھی حاصل کیجیے۔ میرے
پاس سے کوئی صاحب اٹھا لے گئے۔ ممکن ہے لاہور کی شبلی ہی میں ہو۔ ایک صاحب
مولانا کا ایک فوٹو بھی مجھ سے اپنے لیے لائے تھے لیکن مجھ سے ملاقات نہ ہو سکی
اس لیے وہ واپس لے گئے۔ وہ دوسروں کو دینے پر وہ راضی نہیں ہوئے اور
اچھا ہے کہ انھوں نے فوٹو پیش کر دیا۔

والسلام
امین احسن اصلاحی
۵ فروری ۷۸ء